فرشتوں سے مدد مانگنا

مجیب: مولانا محمد نوید چشتی عطاری

فتوی نمبر: WAT-2069

تاریخ اجراء: 28ربیع الاول1445ھ/15اکتوبر2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

ہم اہلسنت انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام، اور اولیائے کرام سے مدد مانگتے ہیں اور استغاثہ کرتے ہیں۔ کیا فرشتوں سے بھی مدد مانگنا جائز ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

انبیائے کرام علیہم الصلوۃ والسلام اور اولیائے کرام علیہم الرحمۃ کی طرح فرشتے بھی مصیبت زدہ لوگوں کی مدد کرتے ہیں، اس لیے فرشتوں سے استغاثہ کرنا، یا ان سے مدد مانگنا بھی جائز ہے قرآن پاک میں فرشتوں کے مددگار ہونے کا ذکر ہے اور حدیث پاک سے فرشتوں سے مدد مانگنے کا ثبوت ملتا ہے۔

ہاں عقیدہ یہ ہو کہ حقیقی مدد تو اللہ تعالی ہی کی طرف سے ہے، اور انبیائے کرام، فرشتے علیہم الصلوۃ والسلام، اولیائے عظام علیہم الرحمۃ، اور اللہ پاک کے دیگر نیک و مقرب بندے اس کی دی ہوئی قدرت سے مدد کرتے ہیں کیونکہ ہر شے کا حقیقی مالک و مختار صرف اللہ تعالی ہی ہے، اللہ پاک کی عطا کے بغیر کوئی مخلوق کسی قسم کا اختیار نہیں رکھتی۔

فرشتے مددگار ہوتے ہیں اس کے متعلق قرآن پاک کی یہ آیت کریمہ دلیل ہے کہ ”فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰىهُ وَ جِبْرِیْلُ وَ صَالِحُ الْمُؤْمِنِیْنَۚ وَ الْمَلٰٓىٕكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِیْرٌ“ ترجمہ: تو بیشک اللہ ان کا مددگار ہے اور جبریل اور نیک ایمان والے اور اس کے بعد فرشتے مدد پر ہیں۔ (سورۃ التحریم، پارہ 28، آیت: 04)

شعب الایمان میں ہے ”وفي رواية روح: "إن لله ملائكة في الأرض يسمون الحفظة، يكتبون ما يقع في الأرض من ورق الشجر، فما أصاب أحدا منكم عرجة أو احتاج إلى عون بفلاة من الأرض فليقل: أعينونا عباد الله، رحمكم الله، فإنه يعان إن شاء الله" ترجمہ: روح کی روایت میں ہے کہ بیشک زمین پر اللہ تعالی کے بعض فرشتے ایسے ہیں جنہیں حفظۃ (حفاظت کرنے والے) کہا جاتا ہے، وہ زمین پر گرنے والے درختوں کے پتوں

تک کو لکھ لیتے ہیں، پس جب تم میں سے کوئی کسی جگہ قید ہو جائے یا کسی ویران جگہ پر اسے مدد کی ضرورت ہو تو اسے چاہیئے کہ وہ یوں کہے "اے اللہ کے بندو! اللہ تم پر رحم فرمائے، ہماری مدد کرو، پس اگر اللہ نے چاہا تو اس شخص کی مدد کی جائے گی۔ (شعب الایمان، حدیث 7297، ج10، ص140، مکتبۃ الرشد)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net